© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆**مولانا سعید احمد ضیاء رحمہ اللہ:** ممتاز عالم دین مولانا سعید ضیاء ۱۶؍جولائی ۲۰۰۶ء کوملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم ایک تبحر عالم، درویش خدامست اور عجز وانکسار کا نمونہ تھے۔ مدرسہ نعمانیہ میں حدیث وفقہ کے مضبوط استاذ تھے۔ شاعری بھی کرتے اور اچھے شعر کہتے۔ دینی شخصیات اور ملکی حالات پر اُن کی نظمیں خاصے کی چیز ہیں۔ حضرت مولانا سید ابوذر بخاری اور حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہم اللہ سے بہت ہی گہرا تعلق تھا۔ حق تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

☆**چودھری محمد سلیم مرحوم:** حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ کے خلیفہ حضرت چودھری عبدالخالق صاحب رحمہ اللہ کے فرزند چودھری محمد سلیم رحمہ اللہ ۶؍جولائی کوملتان میں رحلت فرمائے گئے۔ مرحوم ہمارے قدیمی مہربان اور کرم فرما تھے۔ ایک عابد وزاہد، خاموش طبع اور وضع دار انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرمائے اور اُن کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

☆ممتاز شاعر، ادیب اور افسانہ نگار احمد ندیم قاسمی ۱۰؍جولائی ۲۰۰۶ء کولاہور میں انتقال کر گئے۔

☆بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کے شعبۂ اردو کے استاذ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف شیخ مرحوم ۱۰؍جولائی ۲۰۰۶ء کوملتان کے فضائی حادثہ میں شہید ہو گئے۔

☆مرکزی مسجد عثمانیہ چیچہ وطنی کے خطیب اور مجلس احرار اسلام کے رہنما مولانا منظور احمد کے سسر حاجی محمد ابراہیم مرحوم

☆مجلس احرار اسلام بستی قیصر چوہان رحیم یار خان کے معاون ماسٹر خورشید احمد کے والد محترم جام غازی مرحوم ۲۰؍جولائی ۲۰۰۶ء

☆گلگشت کالونی ملتان میں ہمارے قدیمی معاون ومہربان غلام رسول مرحوم ۲۴؍جولائی ۲۰۰۶ء

☆مجلس احرار اسلام ملتان کے انتہائی مخلص کارکن محترم شیخ نیاز احمد، شیخ اعجاز احمد، شیخ محمد سرور اور شیخ معاذ احمد (سٹینڈرڈ بیکری والے) کی والدہ ماجدہ ۲۵؍جولائی کی دوپہر انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ، شیخ نذیر احمد مرحوم کی بیوہ تھیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

☆مجلس احرار اسلام ملتان کے معاون محمد عاطف کے چھوٹے بھائی محمد اویس مرحوم (انتقال: ۸؍جولائی ۲۰۰۶ء)

☆مدرسہ محمودیہ معمورہ ناگڑیاں (ضلع گجرات) کے معاون جناب امانت علی کی اہلیہ اور میاں خان صاحب کی والدہ مرحومہ

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء کا اہتمام فرمائیں۔

## دعائے صحت

☆مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن جناب حکیم حافظ عطاء یزدانی ان دنوں شدید علیل ہیں۔

☆ناگڑیاں ضلع گجرات میں ہمارے کرم فرما چودھری ارشد مہدی کی والدہ ماجدہ شدید علیل ہیں۔

احباب سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔

© rasailojaraid.com